فریاد ہے فریاد ہے اے شان کریمی

نخچیر دام و لقمہ صیاد ہے مومن
اس حال پہ افسوس کہ دلشاد ہے مومن
زندانی افرنگ و اسیر ہوس زر
اسلام کی ہر قید سے آزاد ہے مومن
فریاد ہے فریاد ہے اے شان کریمی
برباد ہے برباد ہے برباد ہے مومن
تصویر غم و یاس ہے کافر کے مقابل
اپنوں کے لئے ظالم وجلاد ہے مومن
اک عرض عاجزانہ بہ پیش در اقبال
ارشاد یہ کیا خوب کہ فولاد ہے مومن *
فولادی مومن ہے بس اک کہنہ کہانی
اب تو چراغ رہگذر باد ہے مومن
میدان کارزار میں نوبت تو یہ آئی
نازک زبرگِ گل چہ پری زاد ہے مومن
تاکے رہوں فانی اسی حالت پہ یوں دلگیر
القصہ کہ بس تختہء بیداد ہے مومن

---

* علامہ اقبالؒ کے مصرعہ "رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن" کی طرف اشارہ ہے۔..... فانی